© rasailojaraid.com

حامی ہیں اور خاص کلچر شو کرانے میں کافی بدنام ہیں ورلڈ کپ کلچر کمیٹی کی سرپرست ہیں جن کی نگرانی میں سب پروگرام منعقد کئے جارہے ہیں حکومت نے برملا یہ اعلان کیا ہے کہ کلچر شو کے ذریعے رقص ناچ گانے اور دیگر بیہودہ پروگرام کا مقصد یہ بھی ہے کہ ہم اس تاثر کو زائل کریں کہ پاکستان ایک بنیاد پرست ملک ہے اور دنیا کو بتانا مقصود ہے کہ پاکستان کا کلچر ہندو، یہودیوں اور دیگر بیہودہ قوموں سے کم نہیں ہے۔

مقام افسوس ہے کہ وہ وطن جو خاص ایک نظریے کے تحت معرض وجود میں آیا جس کے لئے لاکھوں انسانوں کی قربانی دی گئی آج فحاشی عریانی اور بے ہودہ محافل کی آماجگاہ بن چکا ہے اور حکمران ان کی سرپرستی کرتے ہیں۔

ہم ان سطور کے ذریعے صدر مملکت سے شدید احتجاج کرتے ہیں جو اس موقعہ پر خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں اور اپنے فرائض کی نظریاتی اساس کا مکمل تحفظ کرتے ہوئے ایسے بیہودہ اور لچر پروگرام فوراً بند کروانے چاہئے اگر وہ ایسا کرتے ہیں تو تاریخ انہیں اچھے حروف میں یاد رکھے گی ورنہ آنے والا مورخ ان کے بارے میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوگا کہ وہ محض ایک صدر تھے جو دوسروں کے ہاتھوں پتلی تماشا کا کردار ادا کرتے رہے۔ ہمیں امید ہے کہ صدر صاحب ازخود اسکا نوٹس لیں اور تاریخی کردار ادا کریں گے۔

# فضیلۃ الشیخ محمد امان بن علی جامی کا سانحہ ارتحال

یہ خبر نہایت حزن وملال کے ساتھ سنی گئی کہ عالم اسلام کے مایہ ناز عالم دین فضیلۃ الشیخ محمد امان بن علی جامی رمضان المبارک سے تین دن قبل مدینہ منورہ میں انتقال فرماگئے "انا للہ وانا الیہ راجعون" آپ کو ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں جنت البقیع میں دفن کیا گیا۔

مرحوم پوری زندگی درس وتدریس میں مصروف رہے۔ آپ کو علم حدیث میں سند کا

© rasailojaraid.com